حقائق کی سنگینیوں نے صدا دی
تو یہ فاتح زندگی مسکرا دی

جو اوڑھے ہوئے شال ہے چار خانی
زمیں پر کوئی شعلہ آسمانی
ہمہ بے یقینی ہمہ بے گمانی
ذرا دیکھنا اس کی آتش بیانی
وزارت کو مارے ہے یوں گفتگو سے
کوئی ساس لڑتی ہو جیسے بہو سے (مجید لاہوری)

مسافرینِ آخرت

مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن استاد عبدالحمید صاحب کے برادر بزرگ حاجی عبدالرزاق زرگر گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ وہ حضرت امیر شریعت کے پرانے ارادت مند اور جماعت کے کارکن تھے۔

○ مجلس احرار اسلام ملتان کے نوجوان اور مخلص کارکن مستری عبدالستار صاحب کے تایا گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔

○ مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسماعیل خان کے صدر حاجی عبدالعزیز صاحب اور حافظ سعید صاحب کے والد ماجد حافظ اللہ بخش صاحب ۲۷ اکتوبر کو وفات پا گئے۔

○ مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے انتہائی مخلص کارکن جناب محمد امجد بٹ ۱۳ اکتوبر کو انتقال کر گئے۔

○ مجلس احرار اسلام بہاولنگر کے کارکن جناب ریاض معاویہ صاحب کے والد ماجد محمد شفیع صاحب گزشتہ ماہ رحلت کر گئے۔

ادارہ کے تمام اراکین اپنے احباب کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور تمام مرحومین کی مغفرت و بلندیٔ درجات کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا گو ہیں۔

قارئین سے درخواست ہے کہ اپنے ان بزرگوں اور دوستوں کیلئے دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے حسنات قبول فرمائے سیئات در گزر فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ لواحقین کو صبر عطاء فرمائے (آمین) ادارہ